NYC Public Schools
Eric Adams
Mayor
David C. Banks
Chancellor

ستمبر 2023

عزیزی اہلِ خانہ،

میں آپکو تعلیمی سال 24-2023 میں خوش آمدید کرتے ہوئے انتہائی خوش ہوں۔ نیو یارک شہر پبلک اسکولز کو منتخب کرنے کے لیے آپ کا شکریہ۔ میں امید کرتا ہوں کہ آپ سب موسمِ گرما کی تعطیلات سے تازہ دم ہوکر ایک نئے پُرجوش تعلیمی سال میں شامل ہونے کے لیے تیار ہونگے۔

میرے لیے، ستمبر اور کلاسوں کے پہلے فرحت بخش ہفتے کا کسی چیز سے کوئی مقابلہ نہیں ہے — جب مجھے تمام پانچوں بروز کے اسکولوں میں جانے اور والدین سے ملاقات کرنے اور طلبا اور اساتذہ کو واپس آنے پر خوش آمدید کہنے کا موقع ملتا ہے۔ جب مجھے بچوں کے چہروں پر امید اور یقین دیکھنے کو ملتا ہے اور وہ جانی پہچانی اضطرابی احساس کی توانائی جس سے فضا میں برقی لہر دوڑ جاتی ہے۔ جب مجھے طلبا میں انکی جستجو اور تخلیق کرنے کا شوق دیکھنے کو ملتا ہے، اور وہ اپنے آپ کو تعلیمی طور پر چیلنج کرتے ہیں اور وہ "آہاں" کہنے کے زبردست لمحات کا تجربہ حاصل کرتے ہیں۔ جب مجھے بچوں میں ذہانت اور قابلیت دیکھنے کو ملتی ہے، یہ جانتے ہوئے کہ انکے اہل خانہ اور اساتذہ انہیں ہر گزرتے ہوئے دن مزید اونچی بلندیوں کی جانب پہنچنے کی ترغیب دیں گے۔

ہمارے طلبا کو کامیابی کے لیے تیار کرنے کو یقینی بنانے کے لیے، اس ستمبر میں، میں ہمارے مشن کو دوگنا کر رہا ہوں: ہر بچے کو ایک روشن آغاز کی پیشکش کرکے... اور ایک روشن مستقبل کے لیے ایک صاف و شفاف طریقہ بتا کر۔ اسکا مطلب یہ ہے کہ ایک کڑی تدریس، تقویتی کھیل اور فنون کے پروگرام، صحت افزوں اور مزے دار اسکول کے کھانے، محفوظ، شمولیتی کلاس روم اور بہت کچھ سے بھرپور ایک سال۔

این وائی سی ریڈز، یہ یقینی بنانے کے لیے ہمارا انتہائی بنیادی آغاز کار ہے کہ تمام طلبا ماہر مطالعہ نگار ہیں، مزید آگے بڑھنے کے لیے تیار ہیں۔ اس آغازِ کار میں نیا، ثبوت پر مبنی نصاب ہے جس کی جڑیں "مطالعہ نگاری کی سائنس" میں ہیں اور صوتیات سے مدد دی جاتی ہے — یہ بچوں کو ایک پُراعتماد مطالعہ نگار بنانے کا ثابت شدہ طریقہ ہے۔ خواندگی تمام تدریس کی اصل بنیاد ہے اور ہمارے طلبا کے روشن مستقبل کی راہ کو ہموار کرنے کے لیے انتہائی ضروری ہے۔

چاہیے اس مستقبل میں کالج، تکنیکی تربیت، یا ایک اپرنٹس شپ شامل ہو، ہم یقینی بنائیں گے کہ تمام طلبا ایک طویل مدتی معاشی تحفظ کی منصوبہ بندی حاصل کرنے کے ساتھ سندیافتہ ہوں — اور ایسی صلاحیتوں، وسائل اور معاونت سے لیس ہوں جو انہیں انکی مکمل استعداد تک پہنچنے کے لیے ضروری ہیں اور جن سے مواقع کا ہر دروازہ کھل جاتا ہے۔

آپ تعلیمی پالیسیوں، صحت اور تحفظاتی طریقِ کار، اور بہت کچھ کے بارے میں اہم اور تازہ ترین معلومات schools.nyc.gov/bts2023 پر تلاش کر سکتے ہیں۔ چھاپنے کے قابل اسکول واپسی کی جانچ فہرست کو ڈاون لوڈ کرنے کے لیے برائے مہربانی schools.nyc.gov/btschecklist پر جائیں۔

ستمبر اسکا محض ایک آغاز ہے جو میں سمجھتا ہوں کہ ایک حقیقی غیر معمولی تعلیمی سال ہوگا۔ آپکے اشتراک کا شکریہ۔ اپنے بچے کی تعلیم کے لیے ہم پر اعتماد کرنے کا شکریہ۔ میں ان تمام عمدہ چیزوں کے بارے میں بہت پُرجوش ہوں جو ہم ملکر اس سال حاصل کرینگے!

مائل به پرواز،

David C. Banks
چانسلر

T-36053 (Urdu)